# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

## National Education Policy-2020

Common Minimum Syllabus for all U.P. State Universities and Colleges

## URDU

PAPER TITLES (CORE PAPERS)

**B.A.I**

**SEMESTER-I:**

Urdu Zaban-o-Adab aur Qwaid-o-Insha (Paper Code: A030101T) (Credit-6)

**SEMESTER- II:**

Urdu Zaban Aur Computer (Paper Code: A030201T) (Credit-6)

**B.A.II**

**SEMESTER- III:**

Sahafat Aur Tarjuma Nigari Ka Fun Aur Riwayat (Paper Code: A030301T) (Credit-6)

**SEMESTER- IV:**

Urdu Afsana Aur Drama (Paper Code: A030401T) (Credit-6)

**B.A.III**

**SEMESTER- V:** Urdu Ghazal Aur Nazm (Paper Code :A030501T) (Credit-5)

**SEMESTER- V:** Qasida, Masnavi Aur Marsia (Paper Code :A030502T) (Credit-5)

**SEMESTER- V:** Research Project (Paper Code :A030503R) (Qualifying)

**SEMESTER-VI:** Urdu Novel (Paper Code :A030601T) (Credit-5)

**SEMESTER-VI:** (Optional Paper) It is compulsory to take a paper mention Below.

(1) Urdu Adab Aur Hindustani Tahzeeb-o-Saqafat (Paper Code :A030602T) (Credit-5)
(2) Mirza Ghalib (Paper Code :A030603T) (Credit-5)

(3) Sir Syed (Paper Code :A030604T) (Credit-5)

(4) Iqbal (Paper Code :A030605T) (Credit-5)

(5) Prem Chand (Paper Code: A030606T) (Credit-5)

**SEMESTER- VI**: Research Project (Paper Code :A030607R) (Qualifying)


**Prof. Ramesh Prasad**
Convenor, Dean & HOD Pali
Sampurna Nand Sanskrit
University, Banaras, U.P.

**Prof. MD Raziur Rehman**
**HOD Urdu**
Deen Dayal Upadhyay
Gorakhpur University,
Gorakhpur, U.P.

**Prof. Aftab Ahmad**
HOD Urdu
Banaras Hindu University,
Banaras. U.P.

**. Khan Ahmd Farooq**
Associate Prof& HOD Urdu
Halim Muslim P.G. College,
Kanpur. U.P.

**PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ**

# نئی تعلیمی پالیسی 2020

## اعلیٰ شعبۂ تعلیم : اتر پردیش انتظامیہ، لکھنؤ

## اتر پردیش کی تمام یونیورسٹیوں اور کالجوں کے لئے مساوی نصاب

प्रो० राजेन्द्र सिंह (रज्जू भय्या) विश्वविद्यालय, प्रयागराज

# اردو

## نصابی کمیٹی کے مجوزہ ہدایات کے مطابق

## بی۔اے

## سہ سالہ کورس

اردو نصاب کمیٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| پروفیسر رمیش پرساد<br>کنوینر،صدر شعبہ وڈین<br>شعبہ پالی<br>سمپورنانند سنسکرت یونیورسٹی<br>بنارس،اتر پردیش | پروفیسر محمد رضی الرحمٰن<br>صدر شعبہ اردو<br>دین دیال اپادھیائے گورکھپور<br>یونیورسٹی،<br>گورکھپور،اتر پردیش | پروفیسر آفتاب احمد<br>صدر شعبہ اردو<br>بنارس ہندو یونیورسٹی<br>بنارس،اتر پردیش | ڈاکٹر خان احمد فاروق<br>ایسوسی ایٹ پروفیسر<br>صدر شعبہ اردو<br>حلیم مسلم پی۔جی۔کالج،<br>کانپور،اتر پردیش |

न हि ज्ञानेन सदृशं पवित्रमिह विद्यते

# پروگرام ماحصل

## Programme Outcomes (Pos)

- ☆ طلبا میں اردو زبان شناسی، تحریری مہارت اور ساتھ ہی مطالعہ کا شغف پیدا کرنا۔
- ☆ آسان زبان میں مافی الضمیر کو ادا کرنا اور تحریری و تقریری سطح پر مہارت پیدا کرنا۔
- ☆ صحیح تلفظ، درست املا اردو لب ولہجہ سے آگاہی۔
- ☆ کمپیوٹر کے توسط سے اردو سیکھنے، پڑھنے اور روزگار کے امکانات کی طرف متوجہ کرنا اور طلبا میں اردو کے ساتھ کمپیوٹر کا عملی تجربہ بہم پہچانا ہے۔
- ☆ صحافت، اردو صحافت اور ترجمہ نگاری کے فن سے روشناس کرانا۔
- ☆ اردو تہذیب، اخلاقیات واقدار کے ساتھ ساتھ ہندوستانی مشترکہ تہذیب سے روشناس کرانا۔ ان کی کردار سازی کرنا اور زمانے کے مطالبے اور تقاضے کے مطابق ذہنی ترتیب کرنا، سماج، ملک اور انسانی برادری کے لیے انھیں نفع بخش اور کارآمد بنانا۔
- ☆ ان کے اندر زبان وادب کے وسیلے سے مثبت اور تعمیری سوچ پیدا کرنا

# پروگرام کا تخصیصی ماحصل

## Programme Specific Outcome (PSos)

- ☆ اس کورس کا مقصد طلبا کے اندر اردو فہمی پیدا کرنا ہے۔
- ☆ اردو عوام الناس (LINGUA FRANCA) کی پسندیدہ زبان ہے۔ بول چال سے لے کر میڈیا اور تحریر و تقریر میں موثر رول ادا کرتی ہے۔ لہذا طلبا کے اندر اردو زبان وادب کا شعور پیدا کرنا اور اس زبان کے ذریعے سے عصری فوائد حاصل کرنے کے لیے تیار کرنا ہے۔
- ☆ زبان کی رمز شناسی انسان کو مہذب بناتی ہے۔ لہذا اردو زبان کے توسط سے طلبا کو بول چال اور عملی زندگی میں مہذب اور شائستہ بنانا مطلوب ہے۔
- ☆ اردو زبان کی پیدائش اور مختلف مراکز اور دبستانوں نے اردو کی ترقی میں جو کردار ادا کیا ہے۔ اس سے باخبر کرانا۔
- ☆ اردو شعر وادب کی مختلف اصناف اور خصوصاً داستان، ناول، افسانہ، ڈرامہ، غیر افسانوی اصناف کے علاوہ قصیدہ، مرثیہ، مثنوی، غزل، نظم کے ارتقا سے واقف کرانا۔
- ☆ اردو قواعد وانشا کی اہمیت وافادیت سے روشناس کرانا تاکہ تحریر اور تقریر کی عمدہ صلاحیت پیدا ہو اور قواعد کی غلطیاں دور ہوں۔ صحیح زبان لکھ اور بول کر اردو کے طلبا عصری فوائد حاصل کر سکیں۔
- ☆ اردو کے طلبا کو کمپیوٹر کا علم فراہم کرانا، اردو اور کمپیوٹر کے تعلق سے جدید تر معلومات فراہم کرانا تاکہ وہ نہ صرف اردو کو کمپیوٹر کے ذریعہ بہتر طور پر سیکھ اور پڑھ سکیں بلکہ ان کے اندر اتنی صلاحیت پیدا ہو جائیکہ وہ اس کورس کے مطالعہ کے بعد اپنا روزگار خود پیدا کر سکیں۔

- ☆ صحافت کی باریکیوں بالخصوص اردو صحافت کی مبادیات کا علم فراہم کرنا، ترجمہ کے فن اور اصول وضوابط سے روشناس کرانا۔اس میدان میں عملی مہارت پیدا کرنا تا کہ وہ صحافت کے میدان کے ساتھ ساتھ ترجمہ کی دنیا میں بھی قدم رکھ سکیں اور روزگار کی صورت بذات خود پیدا کر سکیں۔
- ☆ اردو مشترکہ ہندوستانی تہذیب کی ہندوستانی زبان وعلامت ہے۔اردو زبان وادب کے قدیم وجدید ماخذ سے روشناس کر کے ان کے ذہن میں مشترکہ تہذیبی عناصر کو پختہ کرنا اور ہندوستان کو تہذیبی اور ثقافتی سطح پر زبان اردو نے جس طرح مضبوط بنیاد فراہم کی ہے اور اعتماد و اتفاق کی فضا پیدا کی ہے اسے ذہن نشیں کرانا تا کہ ان کے کردار میں ہندوستانی تہذیبی اقدار کے جو ہر نمایاں ہو سکیں اور وہ سچے اور پکے محبّ وطن ہندوستانی بن سکیں۔
- ☆ جدید ہندوستان کی تعمیر وترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکیں۔
- ☆ طلبا کے اندر نہ صرف زبان کے مبادیات کا ادراک کرنا بلکہ انھیں ادب دوست بھی بنانا ہے تا کہ وہ خود ادب تخلیق کر سکیں اور مستقبل میں زبان و ادب کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکیں۔
- ☆ طلبا کے اندر زبان وادب کی اس قدر صلاحیت پیدا ہو کہ وہ عصری مسائل اور زندگی کی پیچیدگیوں کو مثبت انداز میں حل کر سکیں۔وہ اپنی شخصیت سازی کے ساتھ سماج میں بہتر تعمیری کردار ادا کر سکیں۔

# نئی تعلیمی پالیسی 2020

اترپردیش کی تمام یونیورسٹیوں اور کالجوں کے لئے مساوی نصاب

# اردو

## نصابی کمیٹی کے مجوزہ ہدایات کے مطابق

# بی۔اے۔

سہ سالہ کورس

**بی۔اے۔سال اول**

پہلا سیمیسٹر : اردو زبان وادب اور قواعد وانشا

دوسرا سیمیسٹر : اردو زبان اور کمپیوٹر

**بی۔اے۔سال دوم**

تیسرا سیمیسٹر : صحافت اور ترجمہ نگاری کا فن اور روایت

چوتھا سیمیسٹر : اردو افسانہ اور ڈرامہ

**بی۔اے۔سال سوم**

پانچواں سیمیسٹر : پرچہ اول: اردو غزل اور نظم

پرچہ دوم: قصیدہ، مرثیہ اور مثنوی

چھٹا سیمیسٹر : پرچہ اول: اردو ناول

پرچہ دوم: اردو ادب اور ہندوستانی تہذیب وثقافت یا

مرزا غالب یا

سرسید یا

اقبال یا

پریم چند

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| | | |
|---|---|---|
| PROGRAMME/CLASS : CERTIFICATE<br>پروگرام/کلاس: سرٹیفکیٹ | YEAR - FIRST<br>سال ۔اول | PAPER -1 |

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

| | |
|---|---|
| PAPER CODE : A030101T | PAPER TITLE : URDU ZABAN-O-ADAB KI TAREEKH AUR QAWAID-O-INSHA<br>پرچہ کا عنوان: اردو زبان و ادب کی تاریخ اور قواعد و انشا |
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

- ☆ زبان اور علم زبان سے واقف کرانا۔
- ☆ ہندوستانی زبانوں کے مختلف مصادر و منابع کا علم فراہم کرانا تا کہ زبانوں کی یکجہتی کا پتہ چل سکے۔
- ☆ اردو زبان کی پیدائش کے مختلف نظریات سے واقف کرانا۔
- ☆ اردو زبان کا مختلف ہندوستانی زبانوں سے رشتہ اور ان کے اخذ و استفادے سے واقف کرانا۔
- ☆ مختلف دبستانوں اور مراکز میں فروغ پانے والے اردو شعر و ادب سے روشناس کرانا۔
- ☆ اہم ادبی تحریکات اور میلانات کے زیر اثر پروان چڑھنے والے ادب سے واقف کرانا۔
- ☆ اہم اصناف شعری و نثری کا تعارف اور اس کا علم فراہم کرنا۔
- ☆ اردو قواعد و انشا کا بنیادی علم فراہم کرانا۔
- ☆ علم بیان و بدیع سے واقف کرانا۔
- ☆ خط نویسی، مضمون نویسی اور درخواست تحریر کرنے کے طریقے اور اصول و ضوابط سے واقف کرانا۔

| | |
|---|---|
| Credits : 6 | Core Compulsory |
| Max. Marks : 25+75 | Min.Passing Marks : 35 |

Total No. of lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 6-0-0

| UNIT: یونٹ | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures تعداد لکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | زبان اور علم زبان، ہندوستانی بولیوں اور زبانوں کا تعارف | 10 |
| II | مغربی ہندی اور اس کی اہم بولیاں | 11 |
| III | اردو کی پیدائش کے مختلف نظریات اور اہم ماہرین لسانیات کی خدمات | 12 |
| IV | اردو زبان کا مختلف زبانوں (سنسکرت، عربی، فارسی اور ہندی سے رشتہ اور ان کے اثرات) | 12 |

| | Part - II : حصہ دوم | |
|---|---|---|
| V | اردو کی اہم شعری ونثری اصناف کا تعارف (قصیدہ، مرثیہ، مثنوی، غزل، نظم، رباعی، قطعہ، داستان، ناول، ڈرامہ، افسانہ) | 12 |
| VI | اردو کی اہم ادبی تحریکات ومیلانات (علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت) | 12 |
| VII | اردو کی دبستانوں اور مراکز میں اردو زبان وادب کا فروغ (دبستان دہلی، دبستان لکھنؤ، فورٹ ولیم کالج، دلی کالج) | 11 |
| VIII | (i) اردو قواعد کا بنیادی علم، حرف، لفظ، اسم، ضمیر، فعل، فاعل، مفعول، صفت، کہاوت، محاورے اور ضرب الامثال مع تعریف ومثال<br>(ii) علم بیان وبدیع، تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مرسل (تعریف مع مثال)<br>معروف صنعتیں، ایہام، تضاد، تلمیح، مبالغہ، حسن تعلیل، مراۃ النظیر، تجاہل عارفانہ، لف و نشر، تجنیس (تعریف مع مثال)<br>(iii) خط نویسی، مضمون نویسی اور درخواست تحریر کرنے کے اصول وضوابط | 10 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو ادب کی تنقیدی تاریخ | احتشام حسین | 1999 | قومی کونسل برائے فروغ اردو، نئی دہلی |
| ۲۔اردو کی ادبی تحریکیں | انور سدید | 2004 | کتابی دنیا، دہلی |
| ۳۔اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک | خلیل الرحمن اعظمی | 2015 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۴۔تاریخ ادب اردو | اعجاز حسین | 1965 | ادارۂ فروغ اردو، امین آباد، لکھنو |
| ۵۔تاریخ ادب اردو | نور الحسن نقوی | | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۶۔دکن میں اردو | نصیر الدین ہاشمی | 1985 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۷۔اردو زبان کی تاریخ | مرزا خلیل احمد بیگ | 2017 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۸۔سرسید اوران کے نامور رفقا | سید عبداللہ | 2006 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۹۔مقدمہ تاریخ زبان اردو | مسعود حسین خاں | 1954 | آزاد کتاب گھر، کلاں محل، دہلی |
| ۱۰۔قواعد اردو | عبدالحق | | قومی کونسل فروغ برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۔اردو کا ابتدائی زمانہ | شمس الرحمٰن فاروقی | | قومی کونسل فروغ برائے فروغ اردو زبان،نئی دہلی |
| ۱۲۔اصناف ادب | مرتبہ:قمر رئیس | | |
| ۱۳۔اردو زبان وقواعد (جلد اول ودوم) | شفیع احمد صدیقی | ۱۹۹۱ | مکتبہ جامعہ لیمیٹیڈ،نئی دہلی |
| ۱۴۔درس بلاغت | | | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان،نئی دہلی |
| ۱۵۔ہند آریائی اور ہندی | سنیتی کمار چیٹر جی | ۱۹۸۳ | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان،نئی دہلی |

| |
|---|
| This course can be opted as an elective by the students of following subjects :<br>(Open to all) سبھی کے لیے میسر |
| داخلی امتحان:<br>(۱) زبان وبیان اور انشا وقواعد پر تحریری پروجیکٹ (آسائنمنٹ) 15 نمبر<br>(۲) تحریری اسائنمنٹ پر زبانی امتحان 10 نمبر |
| Course Pre requisities :<br>(Open to all) سبھی کے لیے میسر |
| Suggested equivalent on live course :<br>.................................................................................................................................................... |
| Further Suggestions:<br>.................................................................................................................................................... |

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| | | |
|---|---|---|
| PROGRAMME/CLASS : CERTIFICATE<br>پروگرام/کلاس: سرٹیفکیٹ | YEAR - FIRST<br>سال ۔اول | PAPER - II |

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

| | |
|---|---|
| PAPER CODE : A030201T | PAPER TITLE : URDU ZABAN AUR COMPUTER<br>عنوان:اردوزبان اور کمپیوٹر |
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ موجودہ عہد میں اردو زبان کی اہمیت وافادیت کا علم فراہم کرانا۔
☆ اردو زبان کے توسط سے کمپیوٹر سیکھنے کے فوائد۔
☆ کمپیوٹر کا بنیادی علم فراہم کرانا۔
☆ کمپیوٹر کا عملی تجربہ اور سیکھنے کے طریقہ کار سے واقف کرانا۔
☆ کمپیوٹر کے ذریعہ بنیادی علم فراہم کرانا تا کہ روزگار کے مواقع حاصل ہوسکیں۔
☆ کمپیوٹر کے ذریعے سے اردو کے مختلف اور مفید ویب سائٹس سے واقف کرانا۔
☆ کمپیوٹر کی مبادیات کا علم فراہم کراتے ہوئے اوراس میں مہارت حاصل کرانا۔
☆ کمپیوٹر کے عصری فوائد سے روشناس کرانا۔

| | |
|---|---|
| Credits : 6 | Core Compulsory |
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 6-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | کمپیوٹر کیا ہے؟ تعارف وتاریخ | 11 |
| II | کمپیوٹر کے اجزا اور کمپوٹر کی زبان کی قسمیں | 10 |
| III | کمپوٹر ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کا تعارف اور قسمیں | 10 |
| IV | ایم ۔ایس ۔آفس،نوٹ پیڈ،ایکسل ، پاور پوائنٹ اور ای میل کا تعارف | 15 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | ان پیج،اردو کی بورڈ اور فونٹ کی اقسام کا تعارف | 10 |
| VI | اردو ویب سائٹس اور انٹرنیٹ پر دستیاب اردو ادب ورسائل | 11 |

| | | |
|---|---|---|
| VII | کمپوٹراور جدید برقی ذرائع، تعلیم، گیان درشن، ای پاٹھ شالہ، شودھ گنگا اور اردو تعلیم کے مختلف سائٹس | 12 |
| VIII | اردو اور کمپوٹر کی عصری معنویت، امکانات اور فوائد | 12 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔کمپوٹر ماسٹر گائڈ | جواد احمد | 2009 | کتاب والا، دہلی |
| ۲۔ایجوکیشنل ابتدائی کمپوٹر ٹریننگ کورس | نعیم امن | 2002 | |
| ۳۔مکمل کمپوٹر ٹریننگ گائڈ | شفقت علی | 2002 | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی |

| |
|---|
| This course can be opted as an elective by the students of following subjects : (Open to all) سبھی کے لیے میسر |
| داخلی امتحان: (ا) کمپوٹر پر تحریری پروجیکٹ (اسائمنٹ) 15 نمبر (۲) ان پیج کا عملی امتحان 10 نمبر |
| Course Pre requisities : (Open to all) سبھی کے لیے میسر |
| Suggested equivalent on live course : ........................................ |
| Further Suggestions: ........................................ |

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PROGRAMME/CLASS : DIPLOMA<br>پروگرام/کلاس: ڈپلومہ | YEAR - SECOND<br>سال ۔دوم | PAPER - I |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

| PAPER CODE : A030301T | PAPER TITLE : SAHAFAT AUR TARJUMA NIGARI KA FUN AUR RIWAYAT<br>پرچہ کا عنوان: صحافت اور ترجمہ نگاری کا فن اور روایت |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ صحافت اور ترجمہ نگاری ایک فن ہے اور عصری تقاضوں کے پیش نظر طلبا کو اس فن سے واقف کرانا ہے۔

☆ ترجمہ دو زبانوں کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ ترجمہ کے ذریعہ ہم دوسری زبانوں کی علمی و ادبی خزانوں سے واقف ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس میدان میں طلبا کی رہنمائی کرنی ہے۔

☆ ترجمہ نگاری کا فن کیا ہے؟ اس کی تعریف کیا ہے؟ اس سے طلبا کو روشناس کرانا ہے۔

☆ صحافت اور ترجمہ نگاری کی مبادیات کے ساتھ ساتھ اس کی اقسام اور اصول وضوابط سے باخبر کرانا ہے۔

☆ ترجمہ کے توسط سے طلبا کو عصری زبانوں سے واقف کرانا ہے۔ ان میں دیگر زبانوں میں تحریر و تقریر کی صلاحیت پیدا کرنی ہے۔

☆ صحافت اور ترجمہ نگاری کی کسی زبان میں کیا افادیت ہے۔ اس کے مقاصد کیا ہیں لہذا اس میدان کے امکانات اور مقاصد سے روشناس کرانا ہے۔

☆ خصوصاً انگریزی سے اردو، اردو سے انگریزی اور اسی طرح ہندی سے اردو، اردو سے ہندی ترجمہ کرنے کا عملی تجربہ اور اسباق فراہم کرانا۔ تاکہ وہ عملی زندگی میں اس کا استعمال کرسکیں۔

☆ صحافت اور ترجمے کی افادیت ہر دور میں قائم ہے اور یہ روزگار فراہم کرنے کا اہم ذریعہ بھی ہے۔ لہٰذا اس نقطۂ نظر سے بھی طلبا کی تربیت اور رہنمائی کرنا مقصود ہے۔

| Credits : 6 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 6-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - A :حصہ اول | |
| I | ترجمہ، معنی ومفہوم، تعارف، اقسام اور اصول وضوابط | 10 |
| II | اردو میں ترجمہ نگاری کی روایت اور اہم ترجمہ نگار | 11 |
| III | اردو ترجمہ نگاری میں جامعہ عثمانیہ یونی ورسٹی کی خدمات | 12 |

| | | |
|---|---|---|
| IV | اردو سے انگریزی، انگریزی سے اردو، اردو سے ہندی اور ہندی سے اردو کا عملی تجربہ | 12 |
| | Part - B : حصہ دوم | |
| V | صحافت: معنی و مفہوم، اقسام اور اصول و ضوابط | 10 |
| VI | خبر نگاری، اداریہ نگاری، کالم نگاری، نامہ نگاری، انٹرویو، اشتہار سازی | 11 |
| VII | اردو میں صحافت نگاری کی ابتدا اور روایت | 12 |
| VIII | اردو کے اہم اخبار، صحافی اور جنگ آزادی میں اردو صحافت کا کردار | 12 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔تاریخ صحافت اردو (تمام جلدیں) | امداد صابری | 1935 | |
| ۲۔اردو صحافت کا ارتقا | معصوم مرادآبادی | 2013 | اردو اکادمی، دہلی |
| ۳۔ اردو صحافت، صداقت اور آزادی رائے | عشرت علی صدیقی | 1994 | ڈاکٹر سید عابد حسین میموریل ٹرسٹ، نئی دہلی |
| ۴۔اردو صحافت کا جائزہ | احمد ابراہیم علوی | 2000 | مکتبہ دانش محل، لکھنؤ |
| ۵۔ہندوستانی صحافت | محمد عتیق صدیقی | 2011 | کتابی دنیا، نئی دہلی |
| ۶۔اردو صحافت پر ایک نظر | گربچن سنگھ چندن | 1986 | اردو اکادمی، دہلی |
| ۷۔اردو صحافت اور جنگ آزادی 1857 | معصوم مرادآبادی | 2008 | خبردار پبلیکیشنز، نئی دہلی |
| ۸۔اردو صحافت کی تاریخ | نادر علی خاں | 1987 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۹۔اردو صحافت کا مطالعہ | احمد ابراہیم علوی | 2009 | اسلامک سروسز، لکھنؤ |
| ۱۰۔خبر نگاری | شافع قدوائی | 1988 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، لکھنؤ |
| ۱۱۔ٹیلی ویژن نشریات | انجم عثمانی | 2008 | فیصل انٹرنیشنل، دریا گنج، دہلی |
| ۱۲۔فن ترجمہ نگاری | ظہورالدین | 2006 | سیمانت پرکاشن، دہلی |
| ۱۳۔فن ترجمہ نگاری | قمر رئیس/خلیق انجم | 1996 | انجمن ترقی اردو، نئی دہلی |

This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

داخلی امتحان:

(۱) صحافت پر تحریری پروجیکٹ (اسائنمنٹ) — 15 نمبر

(۲) خبر نگاری کا عملی امتحان — 10 نمبر

Course Pre requisities :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| | | |
|---|---|---|
| PROGRAMME/CLASS : DIPLOMA<br>پروگرام/کلاس: ڈپلومہ | YEAR - SECOND<br>سال ۔دوم | PAPER - II |

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

| | |
|---|---|
| PAPER CODE : A030401T | PAPER TITLE : URDU AFSANA AUR DRAMA<br>پرچہ کا عنوان: اردو افسانہ اور ڈرامہ |
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

- ☆ افسانہ: معنی ومفہوم اور اس کا تعارف
- ☆ افسانہ نگاری کی مغربی اور مشرقی روایت سے طلبا کو واقف کرانا۔
- ☆ اردو کے اہم افسانہ نگاروں کی زندگی اور افسانوی خدمات سے واقف کرانا۔
- ☆ اس سبق میں شامل افسانوں کی خواندگی کے ساتھ اس کے تجزیے اور تنقیدی مطالعے کے طریقہ کار سے واقف کرانا اور عملی تنقید کا نمونہ پیش کرنے کے لیے آمادہ کرنا۔
- ☆ ڈرامہ کے معنی، مفہوم اور مختلف اجزا کے ساتھ اقسام سے واقف کرانا۔
- ☆ مغربی روایت کے علاوہ ہندوستان میں ڈرامہ کی روایت سے واقف کرانا۔
- ☆ اردو میں ڈرامہ کی روایت سے واقف کرانا۔
- ☆ اردو کے اہم ڈرامہ نگاروں کی زندگی کے ساتھ ان کے فن کا مطالعہ
- ☆ اس سبق میں شامل ڈراموں کے موضوعات کے ساتھ ان کی فنی خوبیوں اور خامیوں سے واقف کرانا اور ساتھ ہی اس کے تجزیے اور تنقید کی مہارت پیدا کرنا۔

| | |
|---|---|
| Credits : 6 | Core Compulsory |
| Max. Marks : 25+75 | Min.Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 6-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | افسانہ: معنی ومفہوم، اجزائے ترکیبی واقسام | 10 |
| II | اردو میں افسانہ نگاری کی روایت | 11 |
| III | پریم چند (پوس کی رات)، راجیندر سنگھ بیدی (لاجونتی)، سعادت حسین منٹو (نیا قانون)، عصمت چغتائی (چوتھی کا جوڑا)، سوانح، تنقید وتشریح | 12 |

| | | |
|---|---|---|
| IV | قرۃ العین حیدر (جگنوؤں کی دنیا)، انتظار حسین (آخری آدمی)، اقبال مجید (آگ کے پاس بیٹھی ہوئی عورت)، غیاث احمد گدی (تج دو)، سوانح وتنقید | 12 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | ڈرامہ: معنی ومفہوم، اجزائے ترکیبی واقسام | 10 |
| VI | مغرب ومشرق اور اردو میں ڈرامہ کی روایت | 11 |
| VII | امانت لکھنوی (اندرسبھا)، آغا حشر کاشمیری (سلور کنگ)، سوانح وتنقید وتشریح | 12 |
| VIII | محمد حسن (تماشا اور تماشائی)، محمد مجیب (آزمائش)، سوانح، تنقید وتشریح | 12 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو افسانہ: روایت اور مسائل | مرتبہ گوپی چند نارنگ | 2000 | ایجوکیشنل ہاؤس، دہلی |
| ۲۔اردو فکشن | مرتبہ آل احمد سرور | | |
| ۳۔فن افسانہ نگاری | وقار عظیم | 1977 | اعتقاد پبلشنگ ہاؤس، دہلی |
| ۴۔کہانی کے پانچ رنگ | شمیم حنفی | 2011 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۵۔اردو ڈرامہ کا ارتقا | عشرت رحمانی | | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۶۔ڈرامہ: فن اور روایت | شاہد حسین | 1994 | حسین پبلیکیشن، دہلی |
| ۷۔افسانے کی حمایت میں | شمس الرحمٰن فاروقی | | |
| ۸۔ترقی پسند تحریک اور افسانہ | ڈاکٹر صادق | 1981 | اردو مجلس، دہلی |
| ۹۔جدید اردو افسانہ | شہزاد منظر | | |
| ۱۰۔اردو افسانہ کے افق | مہدی جعفر | 1983 | منظر پبلیکیشنز، کراچی |
| ۱۱۔اردو افسانے کی روایت | مرزا حامد بیگ | 2014 | عالمی میڈیا، دہلی |

This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

داخلی امتحان:

(۱) افسانہ یا ڈرامہ پر پروجیکٹ (اسائنمنٹ) — 15 نمبر

(۲) معروضی سوالات کا تحریری امتحان — 10 نمبر

Suggested equivalent on live course :

..........................................................................................................................................

Further Suggestions:

..........................................................................................................................................

**PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ**

| PROGRAMME/CLASS: Bachelor Degree<br>پروگرام/درجہ: گریجویٹ ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - I |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

| PAPER CODE : A030501T | :PAPER TITLE :PAPER I: URDU GHAZAL AUR NAZM<br>پہلا پرچہ: پیپر کا عنوان:اردو غزل اور نظم |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ غزل کی صنفی حیثیت سے روشناس کرانا۔

☆ غزل کی عربی اور فارسی روایت سے واقف کرانا۔

☆ اردو غزل کی روایت سے واقف کرانا۔

☆ غزل کی عالم گیر مقبولیت سے روشناس کرانا۔

☆ غزل نے ہندوستان کی جنگ آزادی میں عوامی سطح پر لوگوں کے درمیان ہم آہنگی اور اتحاد و اتفاق پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے لہٰذا طلبا کو ان کے حقائق سے روشناس کراتے ہوئے غزل کے تاریخی کردار سے واقف کرانا۔

☆ غزل کے ساتھ اردو نظم کی قدیم تاریخ سے باخبر کرانا۔

☆ غزل اور نظم کے صنفی فرق سے واقف کرانا۔

☆ اردو نظم کی روایت سے روشناس کرانا۔

☆ طلبا کو نظم کے مختلف ادوار اور مختلف مقام کے نظم گو شعرا اور ان کی نظموں کے موضوعات اور فنی اور فکری خوبیوں سے واقف کرانا۔

☆ اردو نظم نے عوامی بیداری کے ساتھ جنگ آزادی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کے علاوہ قومی یکجہتی کو فروغ دینے میں بھی اس نے نمایاں رول ادا کیا ہے۔ اس پرچہ کے توسط سے نظم کے اس تاریخی کردار سے طلبا باخبر ہوں گے۔ اور ان کے اندر قومی یکجہتی کی جڑیں مضبوط ہوں گی اور ملک کی تعمیر و ترقی میں وہ اپنا کردار نبھا سکیں گے۔

| Credits : 6 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - A :حصہ اول | |
| I | غزل: معنی و مفہوم، اجزائے ترکیبی | 9 |
| II | اردو غزل کا عہد بہ عہد ارتقا | 9 |

| | | |
|---|---|---|
| III | ولی، میر، درد، غالب، آتش، شاد، سوانح، کلام کے امتیازی اوصاف، انتخاب منظومات سے ابتدائی پانچ پانچ غزلیں | 9 |
| IV | فانی، حسرت، فراق، پروین شاکر اور شہریار: سوانحی کوائف، کلام کے امتیازی اوصاف وتشریح | 9 |
| | Part - B : حصہ دوم | |
| V | نظم: معنی ومفہوم اور اردو میں نظم کی روایت | 9 |
| VI | نظیر اکبرآبادی (برسات کی بہاریں، ہولی)، چکبست (آوازہ قوم اور رامائن کا ایک سین)، اکبرالہ آبادی (مستقبل، فرضی لطیفہ)، سوانح تنقید، تشریح | 10 |
| VII | علامہ اقبال (خضرراہ، بزم انجم)، مجاز (نذر علی گڑھ)، اختر شیرانی (او دیس سے آنے والے بتا)، جوش ملیح آبادی (شکست زنداں کا خواب) سوانح، تنقید وتشریح | 10 |
| VIII | مخدوم محی الدین (چاند تاروں کا بن)، اختر الایمان (ایک لڑکا)، سردار جعفری (دوستی کا ہاتھ) سوانح، تنقید وتشریح | 10 |

امدادی کتب:۔


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو شاعری کا فنی ارتقا | ڈاکٹر فرمان فتحپوری | 2017 | ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس، دہلی |
| ۲۔اردو غزل | کامل قریشی | 1998 | اردو اکادمی، دہلی |
| ۳۔اردو غزل | یوسف حسین خاں | 1957 | شبلی اکادمی، اعظم گڑھ |
| ۴۔غزل اور غزل کی تعلیم | اختر انصاری | 1979 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۵۔اردو غزل کے اہم موڑ | شمس الرحمٰن فاروقی | 1996 | غالب اکیڈمی، دہلی |
| ۶۔غزل کا نیا منظر نامہ | شمیم حنفی | 1995 | ایجوکیشنل پبشنگ ہاؤس، دہلی |
| ۷۔انتخاب منظومات حصہ اول اور دوم | ۔ | 2002 | یوپی اردو اکادمی، لکھنو |
| ۸۔ولی سے اقبال تک | سید عبداللہ | 1958 | چمن بک ڈپو، دہلی |
| ۹۔اردو نظم کا سفر | خلیل الرحمٰن اعظمی | 2017 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۱۰۔جدید اردو نظم (نظریہ وعمل) | عقیل احمد صدیقی | 2012 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۱۱۔نظم جدید کی کروٹیں | وزیر آغا | 2000 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۱۲۔اردو نظم (1960 کے بعد) | | 1995 | اردو اکاڈمی، نئی دہلی |
| ۱۳۔انتخاب منظومات (حصہ اول ودوم) | | | اتر پردیش اردو اکاڈمی لکھنو |


This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

## PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

داخلی امتحان:

| | |
|---|---|
| (۱) غزل اور نظم کی زبانی قرأت (معنی ومطالب کے ساتھ) | 15 نمبر |
| (۲) معروضی تحریری امتحان | 10 نمبر |

Suggested equivalent on live course :

..........................................................................................................................................................................

Further Suggestions:

..........................................................................................................................................................................

| PROGRAMME/CLASS : Degree<br>پروگرام/درجہ: ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔ سوم | PAPER - II |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

مضمون :اردو

| PAPER CODE :<br>A030602T | PAPER TITLE : II-Paper : Qasida, Marsiya aur Masnavi<br>پیپر کا عنوان: قصیدہ، مرثیہ اور مثنوی |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ اردو کی کلاسیکی اصناف کا مطالعہ کیا جائے گا۔

☆ قصیدہ عربی شاعری کی سب سے قدیم صنف سخن ہے۔طلبا کو صنف قصیدہ سے مکمل طور پر واقف کرانا ہے۔

☆ قصیدہ کے فن اور ساخت کے علاوہ عربی فارسی اور خاص طور سے اردو میں اس کی روایت سے واقف کرانا۔

☆ مرثیہ بھی اردو کی قدیم ترین صنف سخن ہے۔بچوں کو اس صنف کا علم فراہم کرانا ہے۔

☆ مرثیہ کے فن اور اس کے عہد بہ عہد ارتقا سے واقف کرانا۔

☆ اردو کے اہم مرثیہ نگاروں کی شخصیت اور کلام سے روشناس کرانا اور اس کی تہذیبی قدر و قیمت اور اس میں موجود ہندوستانی عناصر کی نشاندہی کرانا۔

☆ مثنوی بھی اردو کی مقبول منظوم داستانی صنف سخن ہے۔

☆ اس صنف کی صنفی اور فنی اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ اس کی اردو میں جو روایت رہی ہے اس سے واقف کرانا۔

☆ اردو کے اہم مثنوی نگاروں کی زندگی اور ان کی زندگی اور ان کے کلام کی خوبیوں اور ان میں پوشیدہ اخلاقی، تہذیبی اور معاشرتی پہلوؤں سے طلبا کو روشناس کرانا تا کہ وہ اردو مثنوی کے وسیلے سے ماضی کے ہندوستانی اقدار کو سمجھ سکیں۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min.Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | قصیدہ: تعریف، اجزائے ترکیبی اور اردو میں قصیدہ نگاری کی روایت | 9 |
| II | محمد رفیع سودا (سوانح و ادبی خدمات)، تدریسی متن: قصیدہ شہر آشوب (المعروف بہ تضحیک روزگار) | 9 |
| III | شیخ ابراہیم ذوق (سوانح و ادبی خدمات)، تدریسی متن: قصیدہ در مدح بہادر شاہ ظفر | 9 |
| IV | مرثیہ و مثنوی: تعریف، اقسام، اجزائے ترکیبی اور اردو میں مرثیہ و مثنوی نگاری کی روایت | 9 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | میر ببر علی انیس (سوانح و ادبی خدمات) تدریسی متن: نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری (ابتدائی بیس بند | 9 |

| | | |
|---|---|---|
| VI | مرزا اسلامت علی دبیر (سوانح اور ادبی خدمات) تدریسی متن: دست خدا کا قوت بازو حسین ہے (ابتدائی بیس بند) | 10 |
| VII | میر حسن (سحرالبیان) متن کی تدریس: خدا کی خدائی سے معمور ہے #غرض ان کے نزدیک کیا دور ہے۔ (تین جز) | 10 |
| VIII | پنڈت دیا شنکر نسیم (گلزار نسیم) متن کی تدریس ابتدا سے (ہوتا جو قول کا سہارا) تین جز | 10 |

امدادی کتب:۔

**(الف) برائے قصیدہ**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ | محمود الٰہی | 2011 | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، نئی دلی |
| ۲۔اردو میں قصیدہ نگاری | ابو محمد سحر | 2012 | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، نئی دلی |
| ۳۔انتخاب قصائد | | 2002 | یوپی اردو اکاڈمی، لکھنؤ |
| ۴۔انتخاب منظومات (حصہ دوم) | | 2002 | یوپی اردو اکاڈمی، لکھنؤ |
| ۵۔قصیدہ کی شعریات | مرتبہ: شہپر رسول، وہاج الدین علوی | 2018 | عرشیہ پبلیکیشنز، نئی دہلی |

**(ب) برائے مرثیہ**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو مرثیہ کا ارتقا | مسیح الزماں | 2002 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۲۔انیس | نیر مسعود | 2002 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۳۔انتخاب مراثی | | 1983 | یوپی اردو اکاڈمی، لکھنؤ |
| ۴۔موازنہ انیس و دبیر | شبلی نعمانی | 2003 | شبلی اکاڈمی، اعظم گڑھ |
| ۵۔مرثیے کی سماجیات | سید محمد عقیل رضوی | 1993 | خواجی پریس، جامع مسجد، دہلی |

**(ج) برائے مثنوی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔اردو کی تین مثنویاں | خان رشید | 1968 | لاہور پرنٹنگ پریس، دہلی |
| ۲۔اردو مثنوی کا ارتقا | عبدالقادر سروری | 1991 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۳۔اردو مثنوی شمالی ہند میں | گیان چند جین | 1987 | انجمن ترقی اردو الہند، دہلی |

۴۔

| | | |
|---|---|---|
| PROGRAMME/CLASS: Degree<br>پروگرام/درجہ:ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - III |

SUBJECT : URDU

مضمون :اردو

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PAPER CODE : A030601T | Paper-III : PAPER TITLE : Urdu Novel<br>پہلا پرچہ : پرچہ کا عنوان: اردو ناول |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ طلبا کو ناول کی صنفی حیثیت سے روشناس کرانا۔

☆ فکشن کی دوسری اصناف سے موازنہ۔

☆ ناول کی روایت سے واقف کرانا۔

☆ اردو ناول نے نہ صرف ہندوستانی تہذیب و ثقافت کو بہت خوبصورتی سے اپنے دامن میں سمیٹا ہے۔لہذا اس پرچہ کا مقصد طلبا کو اس تہذیب و ثقافت سے روشناس کرانا ہے۔

☆ اردو ناول نے ہماری تحریک آزادی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔لہذا طلبا کو ناول کے اس کردار سے واقف کرانا مطلوب ہے۔

☆ ناول ہماری زندگی کے تمام حقائق کو سمیٹے ہوئے ہے۔لہذا ناول کے وسیلے سے طلبا میں زندگی شناسی کا ہنر کرنا ہے تاکہ وہ معاشرہ کے لیے سود مند ثابت ہوسکیں۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min: Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I : حصہ اول | |
| I | ناول: معنی و مفہوم اور فن و تکنیک اور اقسام | 10 |
| II | اردو ناول کا عہد بہ عہد ارتقا | 10 |
| III | اردو ناول کا تہذیبی مطالعہ | 9 |
| IV | اردو ناول میں دیہی و شہری زندگی کی عکاسی | 9 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | اردو ناول کا تحریک آزادی میں کردار | 10 |
| VI | اردو ناول میں حب الوطنی اور قومی ویکجہتی کے عناصر | 10 |
| VII | گئو دان (مکمل متن) پریم چند: سوانح، تنقید و تشریح | 9 |
| VIII | دکھیارے (انیس اشفاق) سوانح، تنقید و تشریح | 9 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔بیسویں صدی میں اردو ناول | یوسف سرمست | 1983 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۲۔ناول کا فن | ابوالکلام قاسمی | 1982 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۳۔اردو کے پندرہ ناول | اسلوب احمد انصاری | 2003 | یونیورسل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۴۔ہم عصر اردو ناول (ایک مطالعہ) | قمر رئیس | 2007 | ایم آر پبلیکیشنز، دہلی |
| ۵۔اردو ناول کی تاریخ اور تنقید | علی عباس حسینی | 1987 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۶۔اردو ناول کا سفر | ناز قادری | 2001 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، دہلی |
| ۷۔معاصر اور ناول | رفیعہ شبنم عابدی | 2001 | شعبہ اردو، ممبئی، موتی وارثی ممبئی |

This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

داخلی امتحان:

(۱) کسی نئے ناول پر تبصرہ — 15 نمبر

(۲) معروضی تحریری امتحان — 10 نمبر

Suggested equivalent on live course :

........................................................................................................................................................

Further Suggestions:

........................................................................................................................................................

| PROGRAMME/CLASS : Degree | YEAR - THIRD | PAPER - IV |
|---|---|---|
| پروگرام/درجہ: ڈگری | سال ۔ سوم | چھٹا سیمیسٹر |

SUBJECT : URDU

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

مضمون : اردو

| PAPER CODE : A030602T | PAPER - IV : PAPER TITLE : Urdu Adab Aur Hindustani Tahzeeb-o-Saqafat<br>دوسرا پرچہ: پرچہ کا عنوان: اردو ادب اور ہندوستانی تہذیب وثقافت |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ ہندوستانی تہذیب دنیا کی قدیم ترین تہذیب ہے۔طلبا کو ہندوستانی تہذیب وثقافت سے روشناس کرانا۔

☆ اردو زبان میں ہندوستانی تہذیب وثقافت کے زندہ عناصر سے طلبا کو متعارف کرانا۔

☆ اردو شاعری میں پوشیدہ ہندوستانی تہذیب وثقافت سے باخبر کرانا۔

☆ اردو نثر بالخصوص داستان، قصے، کہانیوں اور ناول میں ہندوستانی تہذیب وثقافت کے موجودہ عناصر سے مطلع کرنا۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min.Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | تہذیب وثقافت: مفہوم وتعریف | 10 |
| II | ادب اور تہذیب وثقافت کا رشتہ | 10 |
| III | ہندوستانی تہذیب وثقافت | 10 |
| IV | اردو شاعری اور ہندوستانی تہذیب وثقافت (دکن وشمالی ہند کے حوالے سے) | 9 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | اردو فکشن اور ہندوستانی تہذیب وثقافت | 10 |
| VI | اردو کا غیر افسانوی ادب اور ہندوستانی تہذیب وثقافت | 10 |
| VII | نظیر اکبرآبادی (دیوالی، تیراکی)، چکبست (آصف الدولہ کا امام باڑہ، خاک ہند) سرور جہان آبادی (بیر بیوٹی، جمنا)، علامہ اقبال (ہمالیہ، رام)، فراق گورکھپوری (ھنڈولا) سوانح، تنقید وتشریح | 10 |

| | | |
|---|---|---|
| VIII | جوش ملیح آبادی (کسان، وطن)، مجاز لکھنوی (ننھی پجارن)، ساحر لدھیانوی (تو ہندو بنے گا نہ مسلمان بنے گا)، علی سردار جعفری (اردو)، کیفی (عورت، دوشیزہ مالن) پروین شاکر (جنم، گوری کرت سنگار) نذیر بنارسی (گنگا کے تین روپ) سوانح، تنقید وتشریح | 9 |

امدادی کتب:۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔قومی تہذیب کا مسئلہ | ڈاکٹر عابد حسین | 1955 | انجمن ترقی اردو ہند، دہلی |
| ۲۔قرون وسطیٰ میں ہندوستانی تہذیب | گوری شنکر ہیرا چند اوجھا مترجم: پریم چند | | |
| ۳۔اسلام کا ہندوستانی تہذیب پر اثر | ڈاکٹر تارا چند مترجم: رحم علی ہاشمی | | |
| ۴۔مسلم ثقافت ہندوستان میں | عبدالمجید سالک | | |
| ۵۔دہلی میں اردو شاعری کا تہذیبی اور فکری پس منظر | ڈاکٹر محمد حسن | | دہلی اردو اکادمی، دہلی |
| ۶۔انگریزی عہد میں ہندوستانی تمدن کی تاریخ | عبداللہ یوسف علی | | |
| ۷۔دکنی کلچر | پروفیسر ہارون خاں شیروانی | | |
| ۸۔ہندوستان کے عہد وسطیٰ ایک جھلک | مرتبہ: صباح الدین عبدالرحمٰن | | شبلی اکادمی، اعظم گڑھ |
| ۹۔تمدن ہند | محمد مجیب | | |
| ۱۰۔اردو غزل اور ہندوستانی ذہن وتہذیب | گوپی چند نارنگ | 2002 | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۱۱۔ ہندوستان کی تحریک آزادی اور اردو شاعری | گوپی چند نارنگ | | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی |
| ۱۲۔ اردو شاعری کا مزاج | وزیر آغا | 1974 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۱۳۔اردو شاعری میں قومی یکجہتی کے عناصر | سید مجاور حسین | 1985 | یوپی اردو اکادمی، لکھنو |



This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

داخلی امتحان:

| | | |
|---|---|---|
| (ا) | درجہ بالا موضوع پر پروجیکٹ (آسائنمنٹ) | 15 نمبر |
| (۲) | معروضی تحریری امتحان | 10 نمبر |

Course Pre requisities :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PROGRAMME/CLASS: Degree<br>پروگرام/درجہ: ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - IV |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون : اردو

| PAPER CODE :<br>A030603T | PAPER - IV : PAPER TITLE : Mirza Ghalib<br>دو اسرپچہ: پرچہ کا عنوان: مرزا غالب |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ مرزا غالب سے متعلق طلبا کو مکمل آگاہی فراہم کرنا۔

☆ مرزا غالب کے مقام و مرتبہ سے روشناس کرانا۔

☆ مرزا غالب کی نثر بالخصوص خطوط نگاری سے واقف کرانا۔

☆ مرزا غالب کے ادب کے حوالے سے ہندوستان کی تہذیب کی بازیافت۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I : حصہ اول | |
| I | غالب: سوانح | 10 |
| II | غالب اور ان کا عہد | 10 |
| III | غالب کی تصانیف | 9 |
| IV | غالب کے معاصرین | 9 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | غالب کی شاعری | ۱۰ |
| VI | غالب کی نثر نگاری | ۱۰ |
| VII | خطوط غالب (انتخاب خطوط غالب: یوپی اردو اکادمی لکھنؤ) | ۹ |
| VIII | دیوان غالب (ردیف الف اوری) تنقید و تشریح | ۱۰ |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔دیوان غالب | غالب | 2003 | غالب انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی |
| ۲۔یادگاررغالب | الطاف حسین حالی | | |
| ۳۔غالب شخص وشاعر | مجنوں گورکھپوری | | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ،دہلی |
| ۴۔غالب فکروفن | مرتبہ محمود الٰہی | 1970 | شعبہ اردو،گورکھپور یونیورسٹی،گورکھپور |
| ۵۔تفہیم غالب | شمس الرحمٰن فاروقی | 1989 | غالب انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی |
| ۶۔غالب پر چار تحریریں | شمس الرحمٰن فاروقی | 2001 | غالب انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی |
| ۷۔اطراف غالب | ڈاکٹر سید عبداللہ | | |
| ۸۔بیان غالب | آغا محمد باقر | 2000 | کتابی دنیا،نئی دہلی۔۶ |
| ۹۔عود ہندی | غالب | | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ،دہلی |
| ۱۰۔اردو معلّٰی | غالب | | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ،دہلی |
| ۱۱۔غالب فکروفن | شوکت سبزواری | | |
| ۱۲۔غالب فکروفن | رشید حسن خاں | 1987 | غالب اکیڈمی،کراچی |
| ۱۳۔غالب فکروفرہنگ | تحسین فراقی | | غالب انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی |

This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

سبھی کے لیے میسر (Open to all)

داخلی امتحان:

(۱) غالب پر پروجیکٹ (آسائنمنٹ) 15 نمبر

(۲) تحریری امتحان (معروضی سوالات) 10 نمبر

Course Pre requisities :

سبھی کے لیے میسر (Open to all)

Suggested equivalent on live course :

..........................................................................................

Further Suggestions:

..........................................................................................

یا

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PROGRAMME/CLASS: Degree<br>پروگرام/درجہ: ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - IV |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون : اردو

| PAPER CODE :<br>A030604T | Paper-IV : PAPER TITLE : Sir Syed Ahmad Khan<br>دو اسرپرچہ: پرچہ کا عنوان: سرسید احمد خاں |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ طلبا کو سرسید کی زندگی اور ان کے ادبی و علمی کارناموں سے روشناس کرانا۔

☆ سرسید نے جدید ہندوستان کی تعمیر میں اپنی تحریک علی گڑھ کے توسط سے جو اصلاحی اور تعلیمی میدان میں انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کی۔ان سے طلبا کو متعارف کرانا۔

☆ ملک کی ترقی میں اردو زبان کی مدد سے سرسید نے نمایاں کردار ادا کیا تھا اس سے طلبا کو باخبر کرنا ہے تا کہ ان کے اندر بھی ملک کی تعمیر و ترقی کا جذبہ پیدا ہو۔

☆ اردو ادب بالخصوص نثر کو جدید فکر اور عصری تقاضوں سے انھوں نے جس طرح سے ہم آہنگ کیا تھا اس سے طلبا کو باخبر کراتے ہوئے عملی اقدام کے لئے آمادہ کرنا۔

☆ سرسید نے اردو ادب کو ہندوستانیوں کے درمیان میل محبت اور یگانگت پیدا کرنے کا وسیلہ بنایا تھا، لہٰذا طلبا کو ان کے کارنامے سے آگاہ کراتے ہوئے ان کے اندر زبان و ادب کے وسیلے سے اسی جذبہ کو فروغ دینے کے لئے تیار کرنا ہے۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min.Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I : حصہ اول | |
| I | سرسید احمد خاں: سوانح | 10 |
| II | سرسید احمد خاں اور ان کا عہد | 10 |
| III | سرسید اور ان کی تصانیف | 10 |
| IV | سرسید اور ان کے معاصرین | 10 |
| | Part - II : حصہ دوم | |

| | | |
|---|---|---|
| V | سرسیداورصحافت | ۱۰ |
| VI | سرسید کی علمی وادبی خدمات | ۱۰ |
| VII | سرسیداوران کے رفقا | ۹ |
| VIII | سرسید کے مضامین: تنقید وتشریح (مرتبہ آل احمد سرور) سبھی مضامین | ۹ |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔مطالعہ سرسید احمد خاں | مولوی عبدالحق | | ایجوکیشنل بک ہاوس،علی گڑھ |
| ۲۔سرسیداوران کے نامور رفقا | ڈاکٹر سید عبداللہ | | |
| ۳۔سرسید: درون خانہ | افتخار عالم خاں | | |
| ۴۔سرسیداورسائنٹفک سوسائٹی | افتخار عالم خاں | | |
| ۵۔سرسید احمد خاں (مونوگراف) | افتخار عالم خاں | | |
| ۶۔ سرسید۔بازیافت | عتیق احمد صدیقی | 1990 | سرسید اکیڈمی، مسلم یونی ورسٹی،علی گڑھ |
| ۷۔سرسید کا سفر نامہ: مسافرانِ لندن | پروفیسر اصغر عباس | | |
| ۸۔سوانح سرسید: ایک بازدید | شافع قدوائی | | |
| ۹۔ | | | |

| |
|---|
| This course can be opted as an elective by the students of following subjects :<br>سبھی کے لیے میسر (Open to all) |
| داخلی امتحان:<br>(۱) سرسید پر پروجیکٹ (آسائنمنٹ) 15 نمبر<br>(۲) تحریری امتحان (معروضی سوالات) 10 نمبر |
| Course Pre requisities :<br>سبھی کے لیے میسر (Open to all) |
| Suggested equivalent on live course :<br>.................................................................................................................................... |
| Further Suggestions:<br>.................................................................................................................................... |

یا

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PROGRAMME/CLASS: Degree<br>پروگرام/درجہ: ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - IV |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون : اردو

| PAPER CODE :<br>A030605T | Paper-IV : PAPER TITLE : Allama Iqbal<br>دو اسر پرچہ : پرچہ کا عنوان: علامہ اقبال |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کا ماحصل |

☆ اقبال اردو کے ایک اہم اور عہد ساز شاعر ہیں۔

☆ اقبال نے غیر منقسم ہندوستان میں اپنے شعر و ادب کے توسط سے مشرق کی عظمت کا راگ بلند کیا تھا۔ اس اہم حوالے سے طلبا کو واقف کرانا۔

☆ اقبال کی شاعری تعمیری اساس رکھتی ہے۔طلبا کو ان کی شاعری میں مضمر قومی ترقی کے افکار کو ذہن نشیں کرانا۔

☆ اقبال نے ذات کی تعمیر کے ساتھ کائنات کی تسخیر کی دعوت بھی اپنی شاعری میں بڑی شد و مد سے دی ہے۔طلبا کے اندر ان کے کلام کے وسیلے سے خودشناسی کے ساتھ کائنات شناسی کا حوصلہ اور جذبہ پیدا کرنا ہے تاکہ وہ ملک اور دنیا کے لیے کارآمد اور مفید بن سکیں۔

☆ اقبال نے بنی نوع انسان کے اندر اخوت و محبت پیدا کرنے کے لئے شاعری کو ذریعہ بنایا۔ان کے کلام کے وسیلے سے طلبا میں انسانی اقدار کی پاسداری کے ساتھ اخوت و محبت کے جذبہ کو پروان چڑھانا۔

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : 35 |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | اقبال کی سوانح | ۱۰ |
| II | اقبال اور ان کا عہد | ۱۰ |
| III | اقبال اور ان کی تصانیف | ۹ |
| IV | اقبال اور ان کے معاصرین | ۹ |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | اقبال اور ان کا فلسفۂ حیات (خودی،عقل،عشق،مومن،شاہین کے حوالے سے) | ۱۰ |
| VI | اقبال کی شاعری | ۱۰ |

| | | |
|---|---|---|
| VII | اقبال کی نثری خدمات | ۹ |
| VIII | بال جبریل (ابتدائی دس غزلیں اور نظمیں: مسجد قرطبہ، ساقی نامہ، لینن خدا کے خصور میں، فرمان خدا، ذوق وشوق) تنقید وتشریح | ۹ |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔شعر اقبال | عابد علی عابد | 1959 | بزم اقبال، لاہور |
| ۲۔اقبال نئی تشکیل | عزیز احمد | 1980 | اعتقاد پبشنگ ہاؤس، نئی دہلی |
| ۳۔اقبال: شاعر ومفکر | نورالحسن نقوی | 2000 | ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ |
| ۴۔بال جبرئیل | اقبال | | ایجوکیشنل بک ہاوس، علی گڑھ |
| ۵۔خورشید کا سامان سفر | شمس الرحمٰن فاروقی | 2012 | ایم آر پبلیکیشنز، نئی دہلی |
| ۶۔اقبال کا فن | مرتبہ: گوپی چند نارنگ | 1983 | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی |
| ۷۔بکھرے خیالات (اقبال کی ڈائری) | ترجمہ عبدالحق | 1985 | شبعہ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی |
| ۸۔ علامہ اقبال : تقریریں، تحریریں اور بیانات | مرتبہ: اقبال احمد صدیقی | 1999 | اقبال اکاڈمی، پاکستان |
| ۹۔تشکیل جدید الہیات | اقبال (سید نذیر نیازی) | 1992 | ایم آر پبلکیشنز، دہلی |
| ۱۰۔اقبال کی اردو نثر | عبادت بریلوی | 1977 | مجلس ترقی ادب، لاہور |

| |
|---|
| This course can be opted as an elective by the students of following subjects : <br> (Open to all) سبھی کے لیے میسر |
| داخلی امتحان: <br> (۱) اقبال پر پروجیکٹ (آسائنمنٹ) 15 نمبر <br> (۲) تحریری امتحان (معروضی سوالات) 10 نمبر |
| Suggested equivalent on live course : <br> ................................................................................................ |
| Further Suggestions: <br> ................................................................................................ |

یا

# PROF. RAJENDRA SINGH (RAJJU BHAIYA) UNIVERSITY, PRAYAGRAJ

| PROGRAMME/CLASS: Degree<br>پروگرام/درجہ:ڈگری | YEAR - THIRD<br>سال ۔سوم | PAPER - IV |
|---|---|---|

SUBJECT : URDU

مضمون : اردو

| PAPER CODE :<br>A030606T | Paper-IV : PAPER TITLE : Prem Chand<br>دو اسرپرچہ:پرچہ کاعنوان: پریم چند |
|---|---|
| COURSE OUTCOMES | کورس کاماحصل |

☆ پریم چندکی اردو ہندی زبان وادب کی مشترکہ وراثت سے واقف کرانا۔

☆ پریم چندکی تحریروں کے حوالے سے ہندوستانی تہذیب سے واقفیت پیدا کرنا۔

☆ کسانوں اور عام آدمی کے بنیادی مسائل سے باخبر کرنا۔

☆ پریم چند کے ادب کے وسیلے سے دیہی زندگی کے مسائل سے واقفیت ہوگی

☆ ہندوستان کے متوسط اور نچلے طبقے کی زندگی، ان کے دکھ درد اوران کی معصومیت سے باخبر کراتے ہوے ان کے تئیں ہمدرری پیدا کرنا۔

☆ زراعت اور اس سے وابستہ انسانوں کے بنیادی مسائل سے واقفیت کرانا۔

☆ سامراجی نظام کے خلاف ہندوستانیوں کی جدوجہد کا احساس کرانا،

| Credits : 5 | Core Compulsory |
|---|---|
| Max. Marks : 25+75 | Min. Passing Marks : |

Total No. of Lectures - Tutorials - Practical (in hours per week) : L-T-P- : 5-0-0

| UNIT: اکائی | TOPICS : تدریسی موضوعات | No. of Lectures<br>تعداد لیکچرز |
|---|---|---|
| | Part - I :حصہ اول | |
| I | پریم چند:سوانح | 9 |
| II | پریم چنداوران کا عہد | 10 |
| III | پریم چندکی تصانیف | 10 |
| IV | پریم چند کے معاصرین | 10 |
| | Part - II : حصہ دوم | |
| V | پریم چندکا غیرافسانوی ادب | 9 |
| VI | پریم چند کے ناول | 9 |

| | | |
|---|---|---|
| VII | افسانے کفن، سوا سیر گیہوں، نمک کا داروغہ، حج اکبر، منتر کی تنقید و تشریح | 10 |
| VIII | ناول: نرملا کی تنقید و تشریح | 10 |

امدادی کتب:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ پریم چند حیات اور فن | اصغر علی انجینئر | 1988 | این سی آر ٹی، دہلی |
| ۲۔ منشی پریم چند شخصیت اور کارنامے | قمر رئیس | | |
| ۳۔ پریم چند فکر و فن | قمر رئیس | | پبلیکیشنز ڈویژن، نئی دہلی |
| ۴۔ پریم چند کا تنقیدی مطالعہ بحیثیت ناول نگار | قمر رئیس | 1959 | سرسید بک ڈپو علی گڑھ |
| ۵۔ پریم چند کہانی کا رہنما | جعفر رضا | 1969 | رام نرائن لال بنی مادھو، الہ آباد |
| ۶۔ پریم چند فن اور تعمیر فن | جعفر رضا | 1977 | شبستان، شاہ گنج، الہ آباد |
| ۷۔ پریم چند اور تصانیف پریم چند | مانک ٹالا | 1975 | موڈرن پبلشنگ ہاؤس، دہلی |
| ۸۔ پریم چند (مونوگراف) | پرکاش چندا گیت | 1976 | ساہتیہ اکادمی، دہلی |
| ۹۔ پریم چند کے نسوانی کردار | شمیم نکہت | 1975 | نصرت پبلیکیشنز، لکھنؤ |
| ۱۰۔ پریم چند: قلم کا سپاہی | امرت رائے | ۱۹۹۲ | ساہتیہ اکادمی، دہلی |

This course can be opted as an elective by the students of following subjects :

(Open to all) سبھی کے لیے میسر

داخلی امتحان:

(۱) پریم چند پر پروجیکٹ (آسائنمنٹ) 15 نمبر

(۲) تحریری امتحان (معروضی سوالات) 10 نمبر

Suggested equivalent on live course :

..........................................................................................................................................

Further Suggestions:

..........................................................................................................................................